No. of Printed Pages : 7 **BUDC-106**

B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

Term-End Examination

Dec., 2023

BUDC-106 : Khwaja Altaf Husain Hali Ka Khusoosi Mutala

(خواجہ الطاف حسین حالؔی کا خصوصی مطالعہ)

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے سبھی سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کے کسی دو معاصرین پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۱۰

یا

خواجہ الطاف حسین حالی کی خطوط نگاری پر تبصرہ
کیجیے۔

۲۔ خواجہ الطاف حسین حالیؔ اور علی گڑھ تحریک پر ایک
مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ ۱۰

یا

خواجہ الطاف حسین حالیؔ کی رُباعی گوئی پر مختصراً
اظہار خیال کیجیے۔

۳۔ خواجہ الطاف حسین حالیؔ کے سیاسی اور سماجی شعور
کے حوالے سے ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کی مرثیہ نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(حصہ ب)

۴۔ ''مسدس مدو جزر اسلام'' کا تعارف پیش کرتے ہوئے درج ذیل بند کا تجزیہ کیجئے۔ ۱۵

کسی نے یہ بقراط سے جا کے پوچھا
مرض تیرے نزدیک مہلک ہیں کیا کیا
کہا دکھ جہاں میں نہیں کوئی ایسا
کہ جس کی دوا حق نے کی ہو نہ پیدا

مگر وہ مرض جس کو آسان سمجھیں

کہے جو طبیب اس کو ہذیان سمجھیں

سبب یا علامت گران کو سمجھائیں

تو تشخیص میں سو نکالیں خطائیں

دوا اور پرہیز سے جی چرائیں

یونہیں رفتہ رفتہ مرض کو بڑھائیں

طبیبوں سے ہرگز نہ مانوس ہوں وہ

یہاں تک کہ جینے سے مایوس ہوں وہ

یہی حال دنیا میں اس قوم کا ہے

بھنور میں جہاز آکے جس کا گھرا ہے

کنارہ ہے دور اور طوفان بپا ہے
گماں ہے یہ ہر دم کہ اب ڈوبتا ہے
نہیں لیتے کروٹ مگر اہلِ کشتی
پڑے سوتے ہیں خبر اہلِ کشتی
گھٹا سر پہ ادبار کی چھا رہی ہے
فلاکت سماں اپنا دکھلا رہی ہے
نحوست پس و پیش منڈلا رہی ہے
چپ وراست سے یہ صدا آرہی ہے
کہ کل کون تھے آج کیا ہوگئے تم
ابھی جاگتے تھے ابھی سو گئے تم

یا

اردو قصیدہ کے حوالے سے حالؔی کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجئے۔

۵۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کے سوانحی حالات و کوائف تفصیل سے بیان کیجئے۔ ۱۵

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کے نثری اسلوب نگارش سے بحث کیجئے۔

(حصہ ج)

۶۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کے تصور شعر کے حوالے سے ایک تفصیلی مضمون قلم بند کیجئے۔ ۲۰

یا

خواجہ الطاف حسین حاؔلی کی نظم نگاری سے
تفصیلی بحث کیجئے۔

۷۔ اردو مثنوی کے حوالے سے حاؔلی کی
تنقید نگاری کا مفصل جائزہ لیجئے۔ ۲۰

یا

خواجہ الطاف حسین حاؔلی کی سوانح نگاری پر
مفصل روشنی ڈالئے۔